آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 13 نومبر 2021ء بمطابق 07 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ نمبر 284

مہنگائی کے باعث امریکہ جیسا ملک بھی شدید دباؤ کا شکار ہے، فواد چوہدری

پاکستان تحریک انصاف واحد فیڈریشن جماعت ہے جو ملک کی بہتری کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، بلاول بھٹو کو تو لانڈرکانہ کی گلیوں کا بھی نہیں پتہ، ووٹنگ مشین پر میکنزم بن چکا ہے صرف اتفاق رائے چاہتے ہیں

بلاول بھٹو کو تو لانڈرکانہ کی گلیوں کا بھی نہیں پتہ، ووٹنگ مشین پر میکنزم بن چکا ہے صرف اتفاق رائے چاہتے ہیں، ملکی سیاسی صورتحال پر مشاورت کی گئی، کور کمیٹی اجلاس میں پارٹی امور پر اور بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں پر مشاورت کی گئی

مہنگائی کی بنیادی وجہ کورونا کے باعث اسکی عالمی سطح پر جاری لہر ہے، مہنگائی کے باعث امریکہ جیسا ملک بھی شدید دباؤ کا شکار ہے، دیگر ملکوں کے برعکس پاکستان کی معیشت فروغ پاری ہے، وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مہنگائی کے باعث امریکہ جیسا ملک بھی شدید دباؤ کا شکار ہے، دیگر ملکوں کے برعکس پاکستان کی معیشت فروغ پاری ہے، پاکستان تحریک انصاف واحد فیڈریشن جماعت ہے جو ملک کی بہتری کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، بلاول بھٹو کو تو لانڈرکانہ کی گلیوں کا بھی نہیں پتہ، ووٹنگ مشین پر میکنزم بن چکا ہے صرف اتفاق رائے چاہتے ہیں۔ جمعہ کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت کور کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر مشاورت کی گئی، کور کمیٹی اجلاس میں پارٹی امور پر اور بلدیاتی انتخابات بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے افغانستان کیلئے امریکی نمائندہ خصوصی تھامس ویسٹ ملاقات کر رہے ہیں

آرمی چیف سے افغانستان کیلئے امریکی نمائندہ خصوصی کی ملاقات، موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

انسانی بحران سے بچنے اور افغان عوام کی معاشی ترقی کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت ہے، آرمی چیف

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ انسانی بحران سے بچنے اور افغان عوام کی معاشی ترقی کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے امریکا کے نمائندہ خصوصی بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی کی راہ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، وزیراعظم

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ملاقات، صوبے کی ترقیاتی ومالی ضروریات، وفاقی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ، وزیراعظم کا بلوچستان میں وفاقی ترقیاتی منصوبوں، مکران کوسٹل گرڈ سے منسلک کرنے کے منصوبے کی سست روی پر برہمی کا اظہار

سرحدوں کی بندش سے سرحدی علاقوں کے عوام کا روزگار ختم ہوگیا ہے بارڈر مارکیٹوں کے قیام کے منصوبے پر عملدرآمد تک سرحدی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں اور سہولیات کی فراہمی اشد ضروری ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز، جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکیج تیار، بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی فوری بحال کیا جائے، وزیراعظم پاکستان

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان عمران خان نے بلوچستان میں وفاقی ترقیاتی منصوبوں اور مکران کوسٹل گرڈ سے منسلک کرنے کے منصوبے کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پلاننگ کمیشن، واپڈا اور این ایچ کو بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز، جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکیج تیار، بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی فوری بحال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی ترقیاتی ومالی ضروریات اور صوبے میں وفاقی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم عمران خان نے وفاقی ترقیاتی منصوبوں اور مکران کوسٹل گرڈ سے منسلک کرنے کے منصوبے کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی مظلوم عوام کی جماعت ہے جو روٹی، کپڑا اور مکان کے نعرہ پر عمل پیرا ہے، میر چنگیز خان جمالی

آج بھی عوام کے دلوں میں پیپلز پارٹی زندہ ہے، عوام کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے

عمران خان کی شکل میں قوم پر اس ایسا نااہل شخص مسلط کیا گیا ہے جس کے ہوتے ہوئے ملک میں خوشحالی نہیں آسکتی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر میر چنگیز خان جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی مظلوم عوام کی جماعت ہے جو اپنے قائد کے دیئے ہوئے نعرہ روٹی، کپڑا اور مکان پر عمل پیرا ہے، عمران خان کی شکل میں قوم پر اس ایسا نااہل شخص مسلط کیا گیا ہے جس کے ہوتے ہوئے ملک میں خوشحالی نہیں آسکتی پاکستان پیپلز پارٹی نااہل وزیراعظم کو عوامی طاقت سے گھر بھیجے گی، صوبے میں پیپلز سپورٹس ونگ، پی بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حکومت ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے جس سے ملک میں کاروبار اور روزگار کے مواقع بڑھیں گے، خسرو بختیار

ایس ایم ای پالیسی کا مقصد چھوٹے کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی اور ٹیکس میں نرمی سمیت دیگر مراعات مہیا کرنا ہے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار خسرو بختیار نے کہا ہے کہ ملک کا معاشی استحکام ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی سے وابستہ ہے، وزیراعظم عمران خان کے وژن کے مطابق ایس ایم ای حکومت کی توجہ کا مرکز ہیں۔ وہ چیمبرز اور تجارتی ایسوسی ایشنز کے اجلاس سے خطاب کر رہے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

جامعہ بلوچستان لاپتہ طلباء کا معاملہ، حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی دھرنے کے شرکاء سے مذاکرات

طلباء کی جانب سے پیپرز اور کلاسز کے بائیکاٹ کو 4 روز کیلئے موخر کرنے کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان لاپتہ طلباء کا معاملہ، حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی دھرنے کے شرکاء سے مذاکرات، طلباء کی جانب سے پیپرز اور کلاسز کے بائیکاٹ کو 4 روز کیلئے موخر کرنے کا اعلان کر دیا تاہم ٹوکن ہڑتال جاری رکھنے کا اعلان کر دیا ہے۔ گزشتہ روز حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بی اے پی وویمن ونگ کی رہنما شانیہ خان کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بی اے پی وویمن ونگ کی رہنما شانیہ خان نے گزشتہ روز ملاقات کی اور انہیں وزیراعلیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارک باد دی اس موقع پر بی اے پی وویمن ونگ کو مزید فعال کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بی اے پی صحیح معنوں میں عوامی جماعت بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو وفاقی وزیر ریلوے اعظم سواتی سے ملاقات کر رہے ہیں

سروے مکمل کر رہے ہیں، دسمبر کے اختتام پر ضلع کے ہر کنبے کو انصاف صحت سہولتکار کارڈ ملے گا، وزیر خارجہ

ہسپتال کی ہیلتھ بھی بنائی جائے گی، مدر کیئر ہسپتال کے بنانے سے شہریوں کو فائدہ پہنچے گا، شاہ محمود قریشی

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ سروے مکمل کر رہے ہیں، دسمبر کے اختتام پر ضلع کے ہر کنبے کو انصاف صحت سہولتکار کارڈ ملے گا، ملتان میں ہسپتال کی تعمیر سے 1190 لوگوں کو روزگار ملے گا، ہسپتال چار منزلہ ہوگا، ہسپتال کی ہیلتھ بھی بنائی جائے گی، مدر کیئر ہسپتال بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

جامعہ بلوچستان کے لاپتہ طلباء کا معاملہ، وزیراعلیٰ بلوچستان نے معاملے کے حل کیلئے 5 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان کے لاپتہ طلباء کا معاملہ، وزیراعلیٰ بلوچستان نے معاملے کے حل کیلئے 5 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے جامعہ بلوچستان کے لاپتہ طلباء فصیح بلوچ اور سہیل بلوچ کے معاملے کیلئے 5 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی کمیٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن ک بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کے علاقے اخبر گلی ریگی ناصران سے تین افراد کی لاشیں برآمد کر لی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے اخبر گلی ریگی ناصران سے تین افراد کی لاشیں برآمد کر لی گئی لاشیں ایدھی سے دوماہ بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے گورا قبرستان کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 2 افراد زخمی ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے گورا قبرستان کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 2 افراد زخمی ہوگئے۔ گزشتہ روز کوئٹہ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے خواتین ارکان کے تحفظات دور کر دیئے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے خواتین ارکان کے تحفظات دور کر دیئے۔ گزشتہ روز بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جان بحق ہوگیا

دکی (آن لائن) مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جان بحق ہوگیا پولیس ذرائع کے مطابق جان بحق کانکن بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

میر عبدالقدوس بزنجو سے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (ن خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے نمائندہ وفد نے وائے ڈی اے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ججز کمزور لوگ ہوتے ہیں ان کے ہاتھ آئین و قانون نے باندھ رکھے ہیں، جسٹس قاضی فائز

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ ججز کمزور لوگ ہوتے ہیں ان کے بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

آئندہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا کوئی جواز نہیں، ذرائع اوگرا

اسلام آباد (این این آئی) ذرائع اوگرا نے کہا ہے کہ آئندہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا کوئی جواز نہیں بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، صادق سنجرانی

پاکستان کے تجارت کی مشیر نے ایران کا دورہ کیا اور بازار چاہ کے متعلق جو مشکلات درپیش تھے ان کو دور کر دیا گیا

بارڈرز کی بندش سے جو معاشی صورت حال پیدا ہوئی اس سے بخوبی واقف ہوں تمام ہمسایہ ممالک سے اچھے تعلقات ہیں، وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہیں بارڈرز کی بندش سے جو معاشی صورت حال پیدا ہوئی اس سے بخوبی واقف ہوں تمام ہمسایہ ممالک سے اچھے تعلقات ہیں انشاء اللہ جلد بارڈرز پوائنٹ اور بازار چاہ کھولے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ضلع چاغی سے آئے ہوئے صحافیوں کے ایک نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صحافیوں نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کو بارڈرز کی بندش سے آگاہ کیا جس پر چیئرمین سینٹ نے کہا کہ وہ بخوبی واقف ہیں کہ بارڈر کے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

جلد ہی متاثرین کو گھروں کی تعمیر کیلئے امدادی چیک تقسیم کرینگے، محمد زبیر

احساس ایمرجنسی پروگرام کے تحت زلزلہ متاثرین کو امدادی رقم کی فراہمی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے

جلد ہے متاثرین کو گھروں کی تعمیر کیلئے امدادی چیک تقسیم کرینگے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہر بائی زلزلہ متاثرین کے گھروں کی تعمیر کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے مالی امداد دینے کی منظوری دی ہے جلد ہی متاثرین میں گھروں کی دوبارہ تعمیر کیلئے صوبائی حکومت سے کی جانب سے منظور کردہ امدادی چیک تقسیم کرنے کے احساس ایمرجنسی پروگرام کے تحت زلزلہ متاثرین کو امدادی رقم کی فراہمی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے حالیہ دورہ اسلام آباد کے دوران وفاقی حکومت سے بلوچستان کے بلوچ بلیٹ پسماندہ اضلاع کی طرز پشتون بلیٹ کی پسماندہ اضلاع کیلئے وفاق سے خصوصی پیکج کی منظوری کے حوالے اقدامات کرنے اور پشتون بیلٹ کے پسماندگی ختم کرنے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم پی اے ہاشل کوئٹہ میں بی اے پی ضلع ہرنائی کے رہنماء ملک نصیب اللہ ترین کی قیادت میں ملنے والے ہرنائی کے وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت مشکل حالات کے باوجود عوام کو تمام ممکن ریلیف فراہم کر رہی ہے، فرخ حبیب

پی ڈی ایم لانگ مارچ کرے یا کوئیک مارچ حکومت کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا

حکومت اپنا کام جاری رکھے سمیت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، وزیر مملکت اطلاعات ونشریات

فیصل آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا کہ حکومت مشکل حالات کے باوجود عوام کو تمام ممکن ریلیف فراہم کر رہی ہے لیکن چونکہ کورونا کے عالمی حالات کے باعث پوری دنیا کی اکانومی متاثر اور گزشتہ 50 سالہ تاریخ کی بین الاقوامی بدترین مہنگائی کی لہر کا سب کو سامنا ہے اسلئے اپوزیشن کی جانب سے حکومت کو اس کا ذمہ دار قرار دینا اور مہنگائی کی آڑ میں لانگ مارچ کا اعلان کر کے ملک کو انارکی کا شکار بنانا اور افراتفری پھیلانے کی کوشش کرنا کسی صورت درست اقدام نہیں تاہم بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے نوحصار سے ملنے والی تین افراد کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے نوحصار سے ملنے والی تین افراد کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں ڈاکٹروں نے لاشیں کئی ماہ پرانی ہونے کی وجہ سے ناقابل شناخت قرار دے دیں۔ پولیس کے مطابق ایئرپورٹ تھانے کے محلے کو اطلاع ملی کہ نوحصار کے علاقے ریگی ناصران کے قریب تین نامعلوم افراد کی لاشیں ایک کنوئیں میں بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

علماء کونسل نے باہمی مشورے سے عالمی اکابرین کو بلانے کا فیصلہ کر لیا ہے، حافظ طاہر اشرفی

افغانستان کے ساتھ عالمی برادر نے تعاون نہ کیا تو دوبارہ دہشت گردی کے واقعات بڑھ سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے نمائندہ خصوصی حافظ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ علماء کونسل نے باہمی مشورے سے عالمی اکابرین کو بلانے کا فیصلہ کر لیا ہے، افغانستان کی صورتحال پر غور ہوگا، افغانستان کے ساتھ عالمی برادر نے تعاون نہ کیا تو دوبارہ دہشت گردی کے واقعات بڑھ سکتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم نے جیتی ہے ہمیں پاک فوج پر فخر ہے، ملک میں قومی ایکشن پلان اور پیغام پاکستان کو عملی شکل دی جائے، فرقہ وارانہ تشدد ختم کرنے کیلئے ملک بھر علما کنونشن ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان علما کونسل بڑا اہم مقام رکھتی ہے علما کونسل نے باہمی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی سے قازقستان کے سفیر کی ملاقات

پارلیمانی و تجارتی سطح پر وفود کے تبادلوں میں تیزی لانے پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے قازقستان کے سفیر Yerzhan Kistafin نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں پاکستان قازقستان دوطرفہ تعاون، پارلیمانی و تجارتی سطح پر وفود کے تبادلوں میں تیزی لانے اور اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان کے مابین بہترین معاشی تعلقات ہے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے میں مدد ملے گی اور معاشی و تجارتی روابط سے علاقے کی ترقی میں بھی نمایاں پیش رفت بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

سیاسی مداخلت کے سبب پولیس کی کارکردگی متاثر ہو رہی ہے، چیف جسٹس

منشیات، قبضہ مافیا، اسمگلنگ جرائم کی شرح میں اضافہ کی بڑی وجوہات ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد کا کہنا ہے کہ پولیس کے امور میں سیاسی مداخلت کے سبب کارکردگی متاثر ہو رہی ہے۔ پولیس اصلاحات کمیٹی کے اجلاس سے خطاب میں چیف جسٹس نے کہا کہ ناقص تفتیش اور پیشہ ورانہ مہارت کا فقدان ملزمان کی بریت کی بڑی وجہ ہے۔ چیف جسٹس گلزار احمد نے ملک میں بڑھتے جرائم اور امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ منشیات، قبضہ مافیا، اسمگلنگ جرائم کی شرح میں اضافہ کی بڑی وجوہات ہیں۔ چیف بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سوچی سمجھی سازش کے تحت لینڈ مافیا ضلع کچھی کا امن و امان خراب کرنا چاہتا ہے

چیف جسٹس بلوچستان، کور کمانڈر، آئی جی ایف سی، آئی جی پولیس اس واقعے کا نوٹس لیں

لینڈ مافیا اور چند بدنام زمانہ لوگوں علاقے کا امن و امان خراب کرنا چاہتے ہیں، پاکستان تحریک انصاف بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی سربراہ سردار یار محمد رند نے گزشتہ روز ضلع کچھی میں اخوان قبیلے کے دو افراد کے قتل اور تین کے زخمی ہونے پر شدید مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوچی سمجھی سازش کے تحت لینڈ مافیا ضلع کچھی کا امن و امان خراب کرنا چاہتا ہے چیف جسٹس بلوچستان، کور کمانڈر، آئی جی ایف سی، آئی جی پولیس اس واقعے کا نوٹس لیں پہلے لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کیا جاتا تھا اب غریب اور معصوم لوگوں کے گھروں میں گھس کر دن دیہاڑے قتل کیا جا رہا ہے قتل ہونے والے افراد اور ان کے قبیلے نے چند دن قبل ایک پریس کانفرنس میں زمینوں سے متعلق قبیلے اور اپنی جانوں کو خطرے سے متعلق میڈیا کو آگاہ کیا تھا لیکن افسوس آج ان بے گناہ لوگوں کو گھروں میں گھس کر قتل کر دیا گیا ان کا مزید کہنا تھا کہ لینڈ مافیا اور چند بدنام زمانہ لوگوں علاقے کا امن و امان خراب کرنا چاہتے ہیں اور علاقے کو میدان جنگ بنانا چاہتے ہیں جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔

قلات میں ایف سی میس گیٹ پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

قلات (این این آئی) قلات میں ایف سی میس گیٹ پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق قلات میں ایف سی میس گیٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا دھماکے کے بعد ایف سی اہلکاروں کی جانب سے جوابی فائرنگ کی گئی جبکہ ملزمان اندھیرے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

حکومت گنے، چینی کی قیمتوں کے تعین میں مداخلت نہیں کریگی

شوگر ملز ایسوسی ایشن کا 15 نومبر سے کرشنگ سیزن شروع کرنے کا اعلان

مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے مشیر خزانہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی کمیٹی بنا دی

لاہور (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین چوہدری ذکا اشرف نے کہا ہے کہ سندھ اور جنوبی پنجاب میں کرشنگ سیزن 15 نومبر، وسطی پنجاب میں 20 نومبر جبکہ خیبر پختونخوا کی شوگر ملیں 15 سے 20 نومبر کے درمیان آغاز کریں گے، حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ حکومت اب گنے اور چینی کی قیمتوں کے تعین میں مداخلت نہیں کرے گی بلکہ گنے کی قیمت اور چینی کی قیمت کو مارکیٹ میکانزم پر چھوڑ دیا جائے گا، وزیراعظم عمران خان سے ہونے والی ملاقات انتہائی مثبت رہی ہے، وزیراعظم بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

حکومتوں کی بدلنے سے سرکاری افسران و ملازمین کو متاثر نہیں ہونا چاہیے، جام کمال

سب کو مل کر صوبے میں صحت مند جمہوری اقدار کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے مختلف اضلاع میں تعینات سرکاری افسران کے سیاسی بنیاد پر تبادلے اور اکھاڑ پچھاڑ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے قطعی نامناسب عمل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اقتدار آنے جانے والی چیز ہے، حکومتوں کے بدلنے سے سرکاری افسران اور ملازمین کو متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ گزشتہ روز سابق وزیراعلیٰ نے صوبائی حکومت کی تبدیلی کے بعد ضلع لسبیلہ اور دیگر اضلاع میں سرکاری محکموں کے افسران کے تبادلوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے اس عمل کو نامناسب قرار دیتے ہوئے کہا کہ اقتدار آنے جانے والی چیز ہے، حکومتوں کے بدلنے سے سرکاری افسران اور ملازمین کو متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ حکومتوں کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ان ملازمین کو مخصوص شخصیات کا وفادار ہونے کا درس نہ دیں۔ اس طرح بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

دو گروپوں میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق 3 تین زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کچھی کے علاقے میں زمین کے تنازعے پر دو گروپوں میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق 3 تین زخمی ہوگئے۔ لیویز کے مطابق جمعہ کو کچھی کے علاقے بالا نازی میں زمین کے تنازعے پر دو گروپوں میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ فضل محمد ولد رئیس بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ظالم اشرافیہ جونکوں کی مانند عوام کا خون چوس رہی ہے، سراج الحق

پی ٹی آئی، ن لیگ اور پی پی اس لیے پنڈورا پیپرز اور پانامہ لیکس پر بات نہیں کرتے کہ ان کے اپنے لوگ ملوث ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ ظالم اشرافیہ جونکوں کی مانند عوام کا خون چوس رہی ہے۔ ظلم دیکھیے کہ جس دن ملک پاکستانی محنت مزدوری کر کے پیسہ ملک میں اور حکمران طبقہ یہاں سے باہر منتقل کر رہا ہے، ہمارے پاس وسائل کی کمی نہیں، مسائل کی وجہ ملک پر مسلط چند خاندان ہیں، سپریم کورٹ اس لیے کہتے کہ جن لوگوں نے پاکستان کا پیسہ لوٹا اور باہر بھیجا، ان کا احتساب ہو۔ پی ٹی آئی، ن لیگ اور پی پی اس لیے پنڈورا پیپرز اور پانامہ لیکس پر بات نہیں کرتے کہ ان کے اپنے لوگ بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کیساتھ ضلع چاغی کے صحافیوں کا پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں گروپ فوٹو

نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے وفد کا واپڈا ہاس کا دورہ، پانی اور پن بجلی کی صورتحال اور واپڈا منصوبوں پر بریفنگ

لاہور (این این آئی) ملک میں آبی ذخائر کی تعمیر سے 20 ملین ایکڑ فٹ زیر کاشت لایا جا سکتا ہے۔ اس تناظر میں واپڈا متعدد میگا پراجیکٹس تعمیر کر رہا ہے، جن کی تکمیل 2029 تک مرحلہ وار ہوگی۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے 11 ہزار میگا واٹ سستا پن بجلی دستیاب ہوگا جس سے 16 لاکھ ایکڑ مزید اراضی زیر کاشت آئے گی جبکہ بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حکمرانو بلوچستان کے لوگوں کی بجائے وسائل سے سروکار ہیں

بلوچستان میں جاری 20 سالوں کی شورش پر کوئی حکومت حرکت میں نہیں آئی

یونیورسٹی سیکورٹی اہلکاروں کی آماہ جگاہ لیکن طلباء کی گمشدگی اداروں اور یونیورسٹی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، سربراہ پی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ حکمرانوں کو بلوچستان کے لوگوں اور یہاں کے مسائل کی بجائے وسائل سے سروکار ہیں بلوچستان میں جاری 20 سالوں کی شورش پر کوئی حکومت حرکت میں نہیں آئی لیکن 7 سے زائد اہلکاروں کو قتل اور املاک کو نقصان پہنچانے والوں کو معاف کیا جاتا ہے بلوچستان سے طلباء کی گمشدگی کوئی نئی بات نہیں بلکہ یہ سلسلہ کئی برسوں سے جاری ہے یونیورسٹی سیکورٹی اہلکاروں کی آماہ جگاہ لیکن طلباء کی گمشدگی اداروں اور یونیورسٹی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، اپنی مدد آپ کے تحت تعلیم دلانے والے بلوچستانیوں پر ایک سازش کے تحت تعلیم بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت کے معاملات افہام و تفہیم سے حل کر لئے جائینگے، عبدالرحمن کھیتران

بلوچستان عوامی پارٹی عوام کے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، موجودہ نئی کابینہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے

صوبائی حکومت بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے معاملات کی بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے ترجمان و صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کے معاملات افہام و تفہیم سے حل کر لئے جائینگے، بلوچستان عوامی پارٹی عوام کے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے موجودہ نئی کابینہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے صوبائی حکومت بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے معاملات کی بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، اس سلسلے میں قانون سازی و دیگر حوالے سے اتح

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

13 نومبر 2021ء

جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکیج تیار

وزیراعظم پاکستان عمران خان نے بلوچستان میں وفاقی ترقیاتی منصوبوں اور مکران کوسٹل گرڈ سے منسلک کرنے کے منصوبے کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پلاننگ کمیشن، واپڈا اور این ایچ کو بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز، جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکیج تیار، بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیاں کی فوری بحال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی ترقیاتی ومالی ضروریات اور صوبے میں وفاقی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی ترقیاتی منصوبوں اور مکران کوسٹل گرڈ سے منسلک کرنے کے منصوبے کی سست روی پر برہمی بلوچستان کی ترقی کی راہ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی پلاننگ کمیشن کو ہدایت کی کہ جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکیج بھی تیار کیا جائے۔ سرحدوں کی بندش سے سرحدی علاقوں کے عوام کا روزگار ختم ہوگیا ہے بارڈر مارکیٹوں کے قیام کے منصوبے پر عملدرآمد تک سرحدی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں اور سہولیات کی فراہمی اشد ضروری ہے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کی درخواست کی جس پر وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی فوری بحالی کے لئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کردی۔

وزیراعظم کی سپریم کورٹ طلبی

نصرت جاوید

منگل کی رات سے اپنے خیالات حکومت کو یہ مشورہ دینے کے لئے مرتب کررہا تھا کہ وہ پارلیمان کا مشترکہ اجلاس جمعرات کے دن بلانے سے اجتناب کرے۔ اس کے اراکین بلانے سے اجتناب کا مشورہ دیا۔ موصوف کو درباری جوڑ توڑ کے معاملات کا بخوبی علم ہے۔ مقتدر کہلاتے حلقوں سے رابطے میں بھی رہتے ہیں۔ ان کے بیان کردہ مشورے کو کم از کم میں سنجیدگی سے لینے کو مجبور ہوں۔

بدھ کی صبح اٹھ کر اس کالم کے ذریعے حکومتی صفوں میں واضح طور پر نظر آتی بددلی کی وجوہات تفصیل سے بیان کرنا چاہ رہا تھا۔ اچانک مگر بریکنگ نیوز آگئی کہ سپریم کورٹ نے وزیراعظم صاحب کو ایک اہم مسئلہ پر وضاحتیں دینے کے لئے ذاتی طور پر پیش ہونے کا حکم صادر کردیا ہے۔ اس حکم کا جو بھی نتیجہ برآمد ہو اس کے بارے میں غور وفکر کی فی الوقت ضرورت محسوس نہیں کررہا۔ سیاست کے طالب علم کے لئے مذکورہ حکم مگر اپنے تئیں ہی ایک تاریخ ساز حکم ہے۔ اس کے اجرا کا سبب وہ قانونی جنگ ہے جو پشاور کے آرمی پبلک سکول میں 2014 کے برس میں وحشیانہ دہشت گردی کے نتیجے میں شہید ہونے والے بچوں کے والدین کئی برسوں سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مذکورہ سانحہ نے پوری قوم کو ہلا دیا تھا۔ اس کی وجہ سے عمران خان صاحب نواز حکومت کے خلاف اسلام آباد میں دیئے دھرنے کو ختم کرنے پر مجبور ہوئے۔ تمام جماعتوں پر مشتمل اس کمیٹی کے اجلاس میں بھی شریک ہوئے جس نے سانحہ آرمی پبلک سکول کے بعد پاک فوج کو دہشت گردی کا قلع قمع کرنے کے لئے کامل اختیارات کے ساتھ متحرک ہونے کی سیاسی اور قانونی حمایت فراہم کی تھی۔ جنرل راحیل شریف کی قیادت میں آپریشن شروع ہوئے تو ان کی کامیابی کو پوری قوم نے یکسو ہوکر سراہا۔ خواہش یہ بھی ابھری کہ دہشت گردی کا دلیری کے ساتھ مقابلہ کرنے کے عوض راحیل شریف صاحب کی معیادِ ملازمت میں اضافہ کیا جائے۔ ان کی بروقت ریٹائرمنٹ کی مخالفت ہوئی۔

آرمی پبلک سکول میں شہید ہوئے بچوں کے والدین خاص طور پر دکھی مائیں مگر نہایت استقامت کے ساتھ عدالتوں سے مطالبہ کرتی چلی آرہی ہیں کہ فقط راحیل شریف ہی نہیں بلکہ ان دنوں کے وزیر داخلہ جناب چودھری نثار علی خان کے علاوہ اس دور میں حکومت، دفاعی اور انٹیلی جنس اداروں میں کلیدی عہدوں پر فائز اہم افراد کے خلاف تادیبی کارروائی ہو۔ ان سے وضاحت طلب کی جائے کہ تمام تر چوکسی کے باوجود پشاور کے محفوظ ترین علاقے میں دہشت گردی کا دلخراش واقعہ کیسے ہوگیا۔ میڈیا نے بدنصیب والدین کی اس کاوش کو پیشہ وارانہ ذمہ داری سے کبھی فالو نہیں کیا۔ اسی باعث سپریم کورٹ کا بدھ کی صبح جاری ہوا حکم دھماکہ خیز محسوس ہورہا ہے۔ آرمی پبلک سکول میں شہید ہونے والے بچوں کے والدین کی جانب سے قانونی استدعا کی جو کاوشیں ہورہی تھیں ان کی بابت باقاعدگی کے ساتھ قارئین وناظرین کو آگاہ رکھا جاتا تو غالباً مذکورہ حکم ہمیں چونکانے کا سبب نہ ہوتا۔ زور زبردستی بندے کا پتر بنائے میڈیا کے ساتھ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ اس کی زبان بندی کی وجہ سے ہمیں مسلسل جاری کسی عمل کے نتیجے میں رونما ہوئی فطری بات بھی انہونی نظر آتی ہے۔

شہید ہوئے بچوں کے والدین کے ذہنوں میں چند سوالات ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہماری عدالتیں ان کے جوابات ڈھونڈنے میں مدد فراہم کریں۔ میرا نہیں خیال کہ وہ نامزد کردہ حکام کے خلاف انتقام کے جذبے سے مغلوب ہوکر بے سروپا سوالات اٹھا رہے ہیں۔

ان کے اٹھائے سوالات کی وجہ سے سپریم کورٹ کا متحرک ہونا سیاسی اعتبار سے اس وقت خصوصاً اہم ترین محسوس ہورہا ہے جب افغانستان سے امریکی افواج کے انخلاء کے بعد اس ملک میں موجود ان گروہوں سے ایک بار پھر مذاکرات کی بات چل رہی ہے جو کئی برسوں تک پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کے مرتکب تصور ہوتے رہے ہیں۔ سانحہ پشاور کی ذمہ داری بھی ایسے ہی گروہوں سے جڑی ایک تنظیم نے اپنے سر لی تھی۔ ان گروہوں کی جانب سے پیر کے روز قومی سلامتی کے حوالے سے پارلیمانی کمیٹی کے لئے ہوئی ایک بریفنگ کے بعد ایک ماہ کی جنگ بندی کا اعلان بھی کردیا گیا ہے۔ ہمیں دیکھنا ہوگا کہ سپریم کورٹ کی حیران کن پیش قدمی کے بعد وہ اپنے فیصلے پر قائم رہنے کو تیار رہیں گے یا نہیں۔

مشترکہ اجلاس کا موخر ہونا بدقسمتی !!!!!! (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

ترجیح دی جائے تو یقینی طور پر معاملات بہتر انداز میں آگے بڑھ سکتے ہیں لیکن حکومت نے تہیہ کر رکھا ہے کہ انہوں نے کوئی سیدھا کام بھی سیدھے طریقے سے نہیں کرنا بلکہ ہر وقت تنازعات میں الجھے رہنا ہے۔ کیا ملک وقوم کے وقت اور سرمائے کا ضیاع جرم نہیں ہے۔ جتنا وقت حکومت نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے نظام پر بیان بازی کرتے ہوئے لگایا ہے اس کا ایک حصہ بھی لوگوں کو محبت کے ساتھ قائل کرنے میں لگایا ہوتا تو یقیناً نتائج مختلف ہوتے لیکن یہاں سب عقل کل ہیں۔ کوئی سننے کو تیار ہی نہیں ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ایم کیو ایم اور مسلم لیگ ق نے الیکٹرانک ووٹنگ مشین بل کی کھل کر مخالفت کی ہے۔ اب یہ دونوں بڑی اتحادی جماعتیں ہیں کیا پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلانے سے پہلے حکومت نے ان دونوں جماعتوں کو بھی اعتماد میں لیا۔ اتحادیوں کا یہ پرانا شکوہ ہے کہ حکومت مشورہ نہیں کرتی، اعتماد میں نہیں لیتی حکومت چوتھے سال میں ہے درجنوں مرتبہ یہ شکایت کی جاچکی ہے لیکن حکومت نے اپنی روش نہیں بدلی۔ اگر چوتھے سال میں بھی یہی صورت حال رہے تو حکومت کو تیار رہنا چاہیے کہ وقت ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا، سیاست میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ اتحادی بھی منہ موڑ لیتے ہیں، اتحادیوں کا موڈ بدل گیا تو کسی بھی وقت تبدیلی آسکتی ہے۔ بہرحال اس اجلاس میں تاخیر ایک مرتبہ پھر حکومتی ہٹ دھرمی کو ثابت کرتی ہے جو حکومت اپنے اتحادیوں کے ساتھ مل کر نہیں چل سکتی وہ مہنگائی سمیت دیگر مسائل کیسے حل کرسکتی ہے۔

وزیر اطلاعات فواد چوہدری کہتے ہیں کہ انتخابی اصلاحات ملک کے مستقبل کا معاملہ ہے۔ ہم نیک نیتی سے کوشش کررہے ہیں کہ ان معاملات پر اتفاق رائے پیدا ہو۔ اتفاق رائے کے حوالے سے قومی اسمبلی کے سپیکر اسد قیصر کو اپوزیشن سے ایک بار پھر رابطہ کرنے کے لیے کہا گیا ہے تاکہ ایک متفقہ انتخابی اصلاحات کا بل لایا جاسکے۔ فواد میرے دوست ہیں لیکن دوست کیا اپوزیشن کو قائل کرنا مشکل ہے یا پھر اتحادیوں کو منانا مشکل ہے۔ جب حکومت ہر وقت دوسروں کو چور چور کہتی رہے گی تو کون آپ سے بات کرے گا۔ نہ اتحادی اس نظام سے خوش ہیں نہ اپوزیشن اسے تسلیم کرتی ہے۔ حکومت اتفاق رائے کس کے ساتھ کرنا چاہتی ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ صرف پاکستان تحریک انصاف کے چند لوگ اس نظام کو نافذ کرنا چاہتے ہیں لیکن کیا اکثریتی اراکین کو نظر انداز کرکے کوئی بھی قانون سازی کی جاسکتی ہے۔ وہ بھی ایسی قانون سازی جس کے ساتھ سب کے مفادات جڑے ہوں۔ شکریہ نوائے وقت

قومی اسمبلی: ارکان کی عدم دلچسپی، گپیں مارتے رہے

چوہدری شاہد اجمل

قومی اسمبلی کے اجلاس میں ارکان کی دلچسپی انتہائی کم تھی۔ ارکان اجلاس کے دوران گپیں مارتے رہے۔ اجلاس وقفہ سوالات کے بعد بقیہ ایجنڈا نمٹائے بغیر اجلاس جمعہ تک ملتوی کردیا گیا۔ سینٹ کا اجلاس شروع ہوا تو حکومتی نشستوں پر صرف ایک رکن کامل علی آغا ہی موجود تھے جبکہ باقی نشستیں خالی تھیں جس پر اپوزیشن نے حکومت پر خوب تنقید کی۔ جبکہ اپوزیشن لیڈر سید یوسف رضا گیلانی نے پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس موخر کرنے پر بھی حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایمرجنسی میں اپنے ارکان کو ملک بھر سے بلایا ہے۔ ارکان خصوصی پروازوں کے ذریعے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچ رہے ہیں اور حکومت کی سنجیدگی کا یہ عالم ہے کہ اجلاس موخر کردیا گیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے ارکان کی طرف سے تحریک لبیک اور ٹی ٹی پی سے حکومت کے معاہدے پر تنقید کی گئی، لگی رہنما خرم دستگیر خان نے کہا کہ تحریک لبیک اور ٹی ٹی پی کے ساتھ معاہدہ کرنے سے قانون کی حکمرانی کس زمرے میں آتی ہے، جنہوں نے لوگوں کو اور پولیس کو قتل کیا، کیا ان کو معافی دینے اور معاہدے سے قانون کی حکمرانی کیسے مضبوط ہوگی۔

☆☆☆☆☆

درختوں کے پتے اور گھاس کھانے کا مزہ؟

نوید مسعود ہاشمی

اپنے فواد چوہدری تو فواد چوہدری ہیں اس لئے ان کے تو کیا ہی کہنے؟ فرماتے ہیں کہ ''مہنگائی اگلے دو، تین ماہ میں ختم ہوجائے گی'' موصوف کے اس بیان پر سوال تو بنتا ہے کیا اگلے دو، تین ماہ تک پاکستان کے غریب، غربا درختوں کے پتے اور گھاس کھا کر گزارہ کریں؟

مہنگائی اور بے روزگاری نے انسانوں کی مسکراہٹ چھین لی ہے، لاکھوں لوگ دو وقت کی روٹی کے لئے ترس رہے ہیں، غریب غربت سے عاجز آکر خودکشیاں کررہے ہیں، گھروں، بازاروں اور دفتروں میں بے چینی اور بے بسی بڑھتی چلی جارہی ہے، ملک میں جاری مہنگائی کی شدت نے عوام میں پائے جانے والے تبدیلی کے کیڑے کے سارے کس بل نکال کر رکھ دیئے ہیں محمد ظفر کھوکھر کراچی کے ایک پرائیویٹ سکول میں چپڑاسی کی ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے، گزشتہ روز اس سے ملاقات ہوئی تو اس کے چہرے پہ افسردگی سی چھائی ہوئی دیکھی۔ میں نے ہمت کرکے پوچھا کہ ظفر بھائی! خیریت تو ہے، کیا ہوا؟ اس نے خالی خالی نظروں سے مجھے دیکھا اور سنجیدہ لہجے میں بولا کہ باجی صاحب، میں سوچ رہا ہوں کہ آج سے ہی ہمیں گندے انڈے، گندے ٹماٹر اور چھوٹی چھوٹی کنکریاں اکٹھی کرنا شروع کردینی چاہیے ارے بھائی کیوں؟ میں نے حیران ہوکر سوال کیا؟ وہ بولا تاکہ الیکشن کے دنوں میں عمران خان پارٹی کے جو لوگ ووٹ مانگنے ہمارے گھر کے دروازے پہ آئیں تو ان کا استقبال کیا جاسکے، میں نے پوچھا گزارہ تو ٹھیک چل رہا ہے نہ؟ وہ بولا کہ چھوٹے، چھوٹے بچے ہیں اور کرائے کا مکان، بڑی مشکل سے زندگی کی گاڑی گھسیٹنے کی کوشش کررہا ہوں، عمران خان کی حکومت میں مہنگائی اتنی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے کہ اب مایوسی بڑھتی جارہی ہے، سارا دن محنت کرنے کے باوجود اگر میں اپنے بچوں کی روٹی بھی پوری نہ کرسکوں تو ایسی زندگی کا کیا فائدہ؟ اس نے سرد لہجے میں جب آخری جملہ ادا کیا تو سچی بات ہے کہ اس کے آخری جملے کو سن کر میں کانپ اٹھا، بے اختیار میرے منہ سے نکلا کہ اللہ آپ کی مشکلات آسان فرمائے (آمین) یہ صرف ایک ظفر ہی مایوس نہیں ہے، بلکہ اس جیسے ہزاروں لاکھوں لوگوں کو مہنگائی کی شدت اور ذرائع آمدن میں کمی نے زندگی سے مایوس کردیا ہے۔

سوچو تو سہی یارو، کم سے کم ماہوار 15 ہزار مکان کا کرایہ، پانچ سے سات ہزار بجلی کا بل، بیس سے پچیس ہزار ماہانہ کمانے والا بندہ کہاں جائے، وہ کرایہ ادا کرے، بجلی کا بل ادا کرے، یا پھر اپنے بیوی بچوں کا پیٹ پالے؟ اب تو پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی اچھا خاصا اضافہ کیا جاچکا ہے۔

سنا ہے کہ پاکستان کے وزیراعظم عمران خان مہنگائی پر قابو پانے کی دلی خواہش رکھتے ہیں، ہمیں یقین ہے کہ وزیراعظم کے دل میں ایسی کوئی خواہش ضرور ہوگی؟ لیکن وزیراعظم کی اس ''دلی خواہش'' سے نہ تو مہنگائی میں کمی واقع ہورہی ہے اور نہ ہی کروڑوں غریبوں کے مسائل میں کمی آرہی ہے، یہ بات ایک بیوقوف بھی سمجھ سکتا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر نہ عوام کو ریلیف دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی غربت کو کم کیا جاسکتا ہے، آئی ایم ایف کا معاشی شکنجہ ایک یہودی ایجنڈا ہے، ملک کی معیشت آئی ایم ایف کے حوالے کرنے سے بہتر تھا کہ وزیراعظم کروڑوں غریب عوام کو کسی دوسرے انداز میں سزا دے لیتے، غربت، بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کو اس بری طرح پریشان کر رکھا ہے کہ اب انہیں اپنی زندگی بوجھ لگنے لگی ہے۔

عمران خان کا دعویٰ ہے کہ انہیں اقتدار عوام کے ووٹوں کے سبب ملا جبکہ اپوزیشن قائدین یہ الزام لگاتے چلے آرہے ہیں کہ پی ٹی آئی کو اقتدار ''سلیکٹرز'' کی مدد سے ملا، یہ دونوں متوقف اپنی جگہ پر، لیکن اس خاکسار کا یہ کہنا ہے کہ اقتدار اگر عوام کی مدد سے ملتا تو کیا وفاقی حکومت کبھی عوام کو اس برے انداز میں ذلیل وخوار کرتی؟

ہرگز نہ کرتی، اگر اس حکومت کے پیچھے واقعی سلیکٹرز موجود ہیں تو انہیں خدا کا واسطہ، وہ پاکستانی قوم کو اس عذاب ناک صورتحال سے نکالنے میں کردار ادا کریں، مہنگائی کا عذاب، کوئی معمولی عذاب نہیں ہے، قوم کو مستقبل کے حسین خواب دکھا، دکھا کر مہنگائی کی شدت میں اضافہ کرتے چلے جانا، یہ غربت کی لکیر کے نیچے زندگیاں گزارنے والے چالیس فیصد عوام کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے، خلق خدا، جتنی پریشان اب ہے، اتنی تو شائد دہشت گردی کے عروج کے زمانے میں بھی نہ ہوئی ہو، ایک دل جلے باپ کا کہنا ہے کہ دہشت گردی سے تو بندہ ایک دم مرجاتا ہے، یا پھر شدید زخمی ہوکر ہسپتال پہنچ جاتا ہے، دہشت گردی کا شکار بننے والے کے ساتھ ہر کوئی ہمدردی کا اظہار بھی کرتا ہے، لیکن ''غربت'' ایسی خوفناک دہشت گردی ہے کہ جس میں باپ کی آنکھوں کے سامنے اس کی معصوم اولاد، آہستہ، آہستہ، سسک سسک کر دم توڑ رہی ہوتی ہے لیکن وہ باپ کچھ نہیں کر پاتا، غربت سے تنگ آئی ہوئی ماں اپنے پھولوں سے بھی خوبصورت بچوں کے گلے اپنے ہاتھوں سے دبانے پر مجبور ہوجاتی ہے۔ کئی شہروں میں غربت کی وجہ سے مائیں اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہوئیں، ترقی اور جدت پسندی کے دعویدار حکمرانوں کو کوئی بتائے کہ تین، تین سو کنال کے محلات میں زندگی کے لطف اٹھانے والے کیا جانیں کہ ''غربت'' اپنے ساتھ کن کن مسائل کو لے کر آتی ہے؟ جنہیں اپنے محل سے دفتر تک جانے کے لئے بھی بجلی کا پٹرول کی سہولت میسر ہو، انہیں کیا پتہ کہ آٹا فاٹا ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھا دیئے جائیں تو غریب عوام کی زندگیوں پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ اللہ وطن عزیز کی حفاظت فرمائے، یہاں بسنے والے عوام کی خیر ہو، مہنگائی نے عوام کو جس شدید کرب، اذیت اور تکلیف میں مبتلا کردیا ہے، اب اس اذیت، تکلیف اور کرب سے نجات دلانے کے لئے انہیں کسی مسیحا کا انتظار رہے گا۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پی ڈی ایم سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ حکومت

سیرۃ النبی ﷺ اور علاج وپرہیز

مولانا زاہد الراشدی

نعت خواں بھائی بڑی خوبصورت نعت پڑھ رہے تھے، اس کا ایک جملہ میرا دل بار بار دُہرا رہا ہے ''میرا دل بھی چکا دے چکانے والے''۔ یہ بات ہم یہاں بیٹھ کر تو کر ہی رہے ہیں لیکن اگر آپ تھوڑا سا نسلِ انسانی کی موجودہ مجموعی صورتحال کو دیکھیں تو زبانِ حال سے ہر انسان کے دل سے یہی آواز سنائی دے گی کہ ''میرا دل بھی چکا دے چکانے والے''۔ آج انسانیت اسی موڑ پر کھڑی ہے جس پر جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا پہاڑی پر کھڑے ہوکر ''یٰصباحاہ الناس'' کہتے ہوئے پہلی آواز لگائی تھی۔ جہاں انسانیت اس وقت کھڑی تھی آج بھی وہیں کھڑی نظر آتی ہے، آج پھر اسی آواز اور ویسی ہی بائیس تیئیس سالہ محنت کی ضرورت ہے۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا پہاڑی پر کھڑے ہوکر آواز لگائی تھی ''یٰصباحاہ الناس'' اور بائیس تیئیس سال کے بعد منیٰ میں کھڑے ہوکر، جو صفا سے تقریباً دس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے، اپنی محنت کا نچوڑ کامیابی کے اس اعلان کے ساتھ کہ میں کامیاب جارہا ہوں، ایک جملے میں بیان فرمایا تھا ''کل أمر الجاھلیۃ موضوع تحت قدمی'' جاہلیت کی ساری قدریں آج میرے پاؤں کے نیچے ہیں۔

پہلی بات یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ وہ جاہلیت کی ساری قدریں جو تیئیس سال کی محنت سے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مٹا ڈالی تھیں اور پاؤں تلے روند ڈالی تھیں، آج پھر نئے میک اپ اور نئی زیب وزینت کے ساتھ معاشرے پر مسلط ہیں۔ اس لیے انسانیت آج پھر اسی موڑ پر کھڑی نظر آرہی ہے اور پکار رہی ہے کہ ''میرا دل بھی چکا دے چکانے والے''۔ خدا کرے کہ انسانیت کی اس آواز کو ہم سن سکیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ محنت، وہ پیغام، وہ بائیس تیئیس سالہ تگ ودو اور وہ قربانیاں نسل انسانی تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے۔ انسانیت تو تلاش میں ہے، انسانیت تو پیاسی ہے، آج انسانی سماج اسی ماحول میں کھڑا ہے کہ کوئی چکانے والا آئے اور وہ اپنے دل کو پیش کریں، اللہ کرے کہ اس حوالے سے ہم اپنا فرض ادا کرسکیں۔

اس وقت چونکہ میں ہسپتال میں بیٹھا ہوں، مرض، مریض، علاج اور معالج کے ماحول میں بیٹھا ہوں تو میرا جی چاہتا ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ، حسنہ اور سیرت مبارکہ کی روشنی میں عرض کروں کہ معالج کیسا ہوتا ہے، بیماری کیا ہوتی ہے اور علاج کیسے کیا جاتا ہے۔ جی چاہتا ہے کہ ہلکے پھلکے انداز میں بات کروں، کوئی فلسفہ اور لمبا چوڑا لیکچر نہ ہو۔ چنانچہ مریض، مرض اور معالج کیا ہوتے ہیں؟ اس پر دو تین واقعات عرض کرنا چاہوں گا اور اسی پر اکتفا کروں گا۔

بخاری شریف کی روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کرکے مدینہ منورہ تشریف لائے تو کچھ حضرات کو مدینہ منورہ کی آب وہوا موافق نہ آئی، بعض علاقوں کی آب وہوا مرطوب ہوتی ہے، بعض کی خشک ہوتی ہے، ہر قسم کی آب وہوا ہر کسی کو راس نہیں آتی۔ مدینہ منورہ اس وقت یثرب کہلاتا تھا، یثرب کی آب وہوا مہاجرین کی ایک تعداد کو راس نہ آئی، لوگ بیمار ہوگئے اور ان میں دو بڑے نام ہیں، ایک حضرت صدیق اکبرؓ جنہیں بخار ہوگیا، ام المومنین حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کپکپی کا بخار تھا، آپ ڈاکٹر صاحبان سمجھتے ہیں کہ وہ کیا ہوتا ہے۔ اور دوسرے حضرت بلالؓ تھے، وہ بھی مدینہ منورہ کی آب وہوا راس نہ آنے کی وجہ سے بیمار ہوگئے۔ بیماری میں وطن زیادہ یاد آتا ہے اور وہ ابھی تازہ تازہ وہاں سے آئے تھے تو دونوں حضرات کو مکہ یاد آرہا تھا اور وہ مکے کی پہاڑیاں اور پرانا وطن یاد کررہے ہیں، وطن کی محبت فطری بات ہے۔ حضرت صدیق اکبرؓ اٹھتے بیٹھتے کہہ رہے ہیں کہ لوگ اپنے گھروں میں صبح کررہے ہیں جبکہ میں مسافر ہوں اور حالتِ سفر میں ہوں، ایک انجانے علاقے میں ہوں، پتہ نہیں موت آئے گی تو کیا ہوگا، موت تو جوتے کے تسمے سے بھی زیادہ قریب ہوتی ہے، نہ جانے کس حالت میں آئے گی، اس حوالے سے آپ اشعار پڑھ رہے تھے۔

حضرت بلالؓ بازاروں میں گھوم رہے ہیں، وادیوں میں جارہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ یا اللہ وہ دن کب آئے گا کہ میں مکے کی زمین دیکھوں گا ''ھل اردن یوماً میاہ مجنۃ'' کبھی مجنہ کے چشموں پر جانے کا اتفاق ہوگا؟ کبھی مکہ مکرمہ کا اذخر گھاس دیکھوں گا؟ کبھی شامہ اور طفیل کے پہاڑ دیکھ سکوں گا؟ دونوں کا یہ حال تھا کہ بیماری کے حصار میں وطن کو یاد کررہے تھے۔

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ! مسئلہ پریشانی کا ہے، یہ ہمارے دونوں بزرگ اپنے وطن کو یاد کرکے شعر وشاعری کررہے ہیں اور پریشان حال ہیں۔ تو اس موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی۔ مریض کا پہلا حق دعا ہے۔ فرمایا کہ یا اللہ! مدینے کی آب وہوا کو ہمارے موافق کردے، یا اللہ مدینے کی وبا کو مخفہ بھیج دے۔ یہ عرب کی سرحد تھی، ایسے سمجھیں جیسے واگہ بارڈر ہے کہ کوئی کہے کہ وبا کو واگہ بارڈر بھیج دے۔ یا اللہ مدینہ میں برکت عطا فرما، برکت جیسی مکے میں ہے۔ نہیں بلکہ ''اوّا کثر'' مکے کی برکت سے دگنی عطا فرما، مکے کی محبت سے دوہری محبت ہمیں عطا فرما۔ غرضیکہ اس صورتحال کو دیکھ کر حضورؐ نے محسوس کیا اور دعا فرمائی۔

میں عرض کیا کرتا ہوں یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت ہے۔ مکہ کیلئے دعا ہمارے بڑے بابا جی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی تھی جس کی برکات آج تک ہم دیکھ رہے ہیں، جبکہ مدینے کے لیے دعا جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کی تھی اور دوگنے کی دعا کی تھی، یعنی یا اللہ جو مکے کو برکت دی ہے مدینے کو دُگنی دے، جو مکے سے ہماری محبت ہے مدینے سے دُگنی عطا فرما۔

میں عرض کیا کرتا ہوں کہ ہر مسلمان کو مکہ مکرمہ سے محبت ہے، اور یہ محبت ایمان کا حصہ ہے لیکن مدینے کا نام آتے ہی مسلمان کے دل کی دنیا بدل جاتی ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا نتیجہ ہے۔ میں نے عرض کیا کہ مریض کیلئے پہلا علاج دعا ہے اور دعا صرف مریض کیلئے نہیں بلکہ علاقے کے لیے بھی ہے۔

(جاری ہے)

آج پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس! خدا خیر کرے!

سرفراز سید

آج 30 بل منظور کرانے کے لئے پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس!! شدید ہنگامے کا خدشہ حکومت قومی اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن سے ہارگئی! رائے شماری پر حکومت 104، اپوزیشن 117 ووٹ اپوزیشن کا نیا تماشا، اسمبلی کے اندر اتحاد، اکٹھے کھانا، اسمبلی کے باہر ایک دوسرے پر پتھراؤ، دھمکیاں، سنگین الزامات! دو شوگر ملوں کے چلنے پر چینی 141 روپے سے 102 روپے پر آگئی، مزید نیچے آئے گی سعودی اور آئی ایم ایف کے قرضوں کی تاخیر پر ڈالر پر 175 روپے پر پہنچ گیا، سٹاک ایکسچینج کریش نیب سے شاہد خاقان عباسی کا سوال: ملزموں سے وصول شدہ 537 ارب روپے کہاں گئے؟ شہباز گل، قیمتی تحفہ توشہ خانے میں جمع؟ بنگلہ دیش: سابق چیف جسٹس سریندر کمار سنہا، مالی خورد برد، منی لانڈرنگ کے جرم پر گیارہ سال قید، ملزم کینیڈا میں ہے!

وفاقی حکومت گزشتہ روز اسمبلی کے اجلاس میں دو بلوں پر اپوزیشن سے واضح شکست کھا گئی، اپوزیشن کے 117 کے مقابلہ میں حکومت کو 104 ووٹ ملے! تقریباً سارے اتحادی (8) غیر حاضر تھے۔ آج دونوں ایوانوں، اسمبلی اور سینٹ کے مشترکہ اجلاس میں مزید پسپائی کا امکان ہے۔ اصولی اور اخلاقی طور پر تو منگل والے اسمبلی کے اجلاس میں شکست کے بعد حکومت کو مستعفی ہو جانا چاہئے تھا۔ آج بھی شکست ہوگئی تو پسپائی میں مزید اضافہ ہوجائے گا۔ گزشتہ روز شہباز شریف کی قیادت میں پارلیمنٹ کی تمام اپوزیشن پارٹیاں متحد ہوگئیں حتیٰ کہ ہمیشہ الگ رہنے والی جماعت اسلامی بھی اتحاد میں شامل ہوگئی اور اتحاد کے اعزاز میں شہباز شریف کے عشائیہ میں مزیدار کھانا کھایا! قارئین کرام! پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس آج 11 بجے صبح شروع ہوتا ہے۔ کالم میں زیادہ ذکر نہیں آسکے گا۔ تاہم ابتدائی جھلکیاں مل جائیں گی۔ اجلاس کے دونوں فریق اپنے ارکان جمع کرنے کے لئے بھاگ دوڑ کررہے ہیں۔ دلچسپ باتیں سننے میں آرہی ہیں۔ اپوزیشن والے پر اعتماد ہیں کہ حکومت کے ہر وقت کوئی نہ کوئی مطالبہ کرنے والے اتحاد (18) آج ہی اجلاس میں نہیں آئیں گے۔ اپوزیشن کا ایک الزام یہ ہے کہ اتحادیوں کو دباؤ میں لانے کے لئے افسر شاہی اور پولیس کو استعمال کررہی ہے۔ چلئے، گیارہ بجنے میں چند گھنٹے باقی ہیں۔ ویسے عالم یہ ہے کہ حکومت کو سینٹ میں اکثریت حاصل نہیں قومی اسمبلی میں منظور شدہ 70 بل سینٹ میں پیش نہیں ہوسکتے اسمبلی میں معمولی اکثریت حاصل ہے۔ حکومت قائم رہنے کے لئے 172 ووٹ چاہئیں، حکومت کے پاس کل 178 کی تعداد ہے (اپنے 160، اتحادی 18) رائے شماری میں صرف سات ووٹ کم ہونے سے حکومت شکست کھا سکتی ہے۔ اپوزیشن کے پاس 164 ووٹ ہیں اسے حکومت کے صرف سات ووٹ توڑنے ہیں یا غائب کرانے ہیں، جو مشکل بات نہیں۔ گزشتہ روز اسمبلی میں حکومت 13 ووٹوں سے شکست کھا گئی تھی۔ ہنسی مذاق میں روڑے کنکر جمع کرکے بھان متی کے کنبہ کی حکومت کی یہ کس مپرسی!! یہ تو ہونا تھا!!

مگر اپوزیشن کی اخلاقیات؟ اسمبلی کے اندر پیپلز پارٹی اور ن لیگ ایک دوسرے پر واری صدقے، بغلگیر، محبتوں کی یقین دہانیاں اور باہر نکلتے ہی ایک دوسرے کے گریبان پکڑ لئے، پتھراؤ، سنگین الزامات، زیادہ سنگین جوابات، تُو تُو مَیں مَیں! اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول زرداری کا بیان ''شہباز شریف ہمارے قائد ہیں ان کی قیادت پر پورا اعتماد ہے، ان کے زیر قیادت اتحاد کے ساتھ چلیں گے'' اور اسمبلی کے باہر پیپلز پارٹی کے مرکزی قائد قمر الزمان کائرہ کے منہ سے شعلے! ''یہ ن لیگ والے دورخی چالیں چل رہے ہیں! ہمارے ساتھ اتحاد اور چور دروازے سے حکومت کے ساتھ رابطے! ن لیگ اور

شال بقیہ 1

کی تیاریوں پر مشاورت کی گئی ۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ کور کمیٹی کا اجلاس معیشت اور مہنگائی سے متعلق تھا،خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے معاملات بھی زیر بحث آئے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے کور کمیٹی اجلاس میں پارٹی ارکان کو اعتماد میں لیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اجلاس کا سب سے اہم ایجنڈا مہنگائی پر کنٹرول سے متعلق تھا، مہنگائی کی بنیادی وجہ کورونا کے باعث اسکی عالمی سطح پر جاری لہر ہے ،مہنگائی کے باعث امریکہ جیسا ملک بھی شدید دباؤ کا شکار ہے، دیگر ملکوں کے برعکس پاکستان کی معیشت فروغ پا رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مستری ، پلمبرز ، دکانداروں سمیت کئی طبقات کی آمدن میں اضافہ ہوا ہے، وزیراعظم عمران خان صرف آدھے گھنٹے کے نوٹس پر سپریم کورٹ پہنچے ۔وزیراطلاعات نے کہا کہ کور کمیٹی نے وزیراعظم کی سپریم کورٹ میں پیشی کو سراہا ہے، اکانومسٹ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں 2 کروڑ سے زائد لوگ افلاس کا شکار ہو گئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی اصلاحات کیذریعے ملک میں صاف شفاف الیکشن کا انعقاد چاہتے ہیں ،پاکستان تحریک انصاف واحد فیڈریشن جماعت ہے جو ملک کی بہتری کیلئے اقدامات جاری رکھے گی ۔انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کو تو لانڈ کا نہ کی گھیوں کا بھی نہیں پتہ ۔ انہوں نے کہا کہ ووٹنگ مشین پر میکنزم بن چکا ہے صرف اتفاق رائے چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم جس طرح کھیل رہی ہے ہمیں اس پر فخر ہے۔

شال بقیہ 2

ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی کی راہ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے پلاننگ کمیشن کو ہدایت کی کہ جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکج بھی تیار کیا جائے ۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ سرحدوں کی بندش سے سرحدی علاقوں کے عوام کا روزگار ختم ہو گیا ہے بارڈر مارکیٹوں کے قیام کے منصوبے پر عملدرآمد تک سرحدی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں اور سہولیات کی فراہمی اشد ضروری ہے انہوں نے وزیراعظم سے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کی درخواست کی جس پر وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی فوری بحالی کے لئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کردی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی میں خصوصی دلچسپی لینے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا ۔دریں اثناء وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز ملاقات کی ۔ملاقات میں بلوچستان کی ترقیاتی و مالی ضروریات اور صوبے میں وفاقی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا ۔وزیراعظم نے پلاننگ کمیشن کے حکام کو ہدایت کی کہ جنوبی بلوچستان پیکیج کی طرز پر شمالی بلوچستان پیکج بھی تیار کیا جائے بلوچستان کی ترقی کی راہ میں کوہ کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعظم نے وفاقی ترقیاتی منصوبوں اور سکرانی کو ٹیشنل گرڈ سے منسلک کرنے کے منصوبے کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پلاننگ کمیشن ،واپڈا اور این ایچ اے کو بلوچستان کے منصوبوں پر کام تیز کرنے کے ہدایت کی ۔اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے وزیراعظم سے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کی درخواست کی اور کہا کہ سرحدوں کی بندش سے سرحدی علاقوں کے عوام کا روزگار ختم ہو گیا ہے بارڈر مارکیٹوں کے قیام کے منصوبے پر عملدرآمد تک سرحدی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں اور سہولیات کی فراہمی اشد ضروری ہے اس موقع پر وزیراعظم نے بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کی فوری بحالی کے لیئے متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کردیئے ۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے بلوچستان کے مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی میں خصوصی دلچسپی لینے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 3

برائے افغانستان تھامس ویسٹ نے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، افغانستان کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، جب کہ مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر بھی بات چیت ہوئی۔اس موقع پر پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ پاکستان دوطرفہ روابط کی روایت کو برقرار رکھنے اور امریکا کے ساتھ طویل المدتی اور مثبت ڈومین پائیدار تعلقات کا خواہاں ہے، آرمی چیف نے انسانی بحران سے بچنے اور افغان عوام کی معاشی ترقی کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق تھامس ویسٹ نے افغان صورتحال میں پاکستان کے کردار، بارڈر مینجمنٹ کے لیے خصوصی کاوشوں، علاقائی استحکام میں کردار کو سراہا، اور پاکستان کے ساتھ ہر سطح پر سفارتی تعاون کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

شال بقیہ 4

نے زلزلہ متاثرین کی بحالی اور انہیں درپیش مشکلات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے زلزلہ متاثرین کے تمام تر مشکلات و مسائل کا بخوبی علم اور احساس ہے زلزلہ متاثرین کی بحالی کیلئے اسمبلی فلور آواز بلند کرنے کے علاوہ وفاقی حکومت، چیئرمین این ڈی ایم اے ، گورنر بلوچستان و دیگر مختلف اداروں سے رابطہ میں ہوں اور ہمارے اپیل پر وفاقی ،صوبائی حکومت اور مختلف ملکی و بین الاقوامی این جی اوز ، ڈونرز ایجنسز، مخیر حضرات ،سماجی تنظیمیں زلزلہ متاثرین کی بحالی کیلئے کوشاں ہے۔

شال بقیہ 5

بندش سے ملی معیشت سمیت وہاں آباد قریبی علاقوں کو روزگار کی حصول میں مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں انشاء اللہ جلد بازار چاہ اور بارڈر کھول دیا جائے گا ایک سوال کے جواب پر انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تجارت کی مشیر نے ایران کا دورہ کیا اور بازار چاہ کے متعلق جو مشکلات درپیش تھے ان کو دور کر دیا گیا اور جلد بازار چاہ اور کاروباری پوائنٹس کو کھول دی جائے گی ایک سوال کے جواب دیتے ہوئے چیئرمین سینٹ کا کہنا تھا کہ تفتان میں واقع راہداری گیٹ کی بندش کے حوالے ایرانی سفیر سے ملاقات کر کے کھولنے کیلئے اقدامات اٹھائے جائینگے ایک سوال کے جواب میں چیئرمین سینٹ کا کہنا تھا کہ نوکنڈی گھٹ واٹر سپلائی کیلئے فنڈز کی سمری چیف سیکریٹری نے منظور کیے ہیں جلد عملے کی تعیناتی سمیت پانی کا مسئلہ حل ہو جائیگا جلد دالبندین سے زیارت بلانوش کا کام شروع ہوگا۔

شال بقیہ 6

گورنمنٹ متاثر ہوئی ہے اور نظم و ضبط کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سب کو مل کر صوبے میں صحت مند جمہوری اقدار کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ امید ہے وزیراعلیٰ ان سیاسی معاملات کے حوالے سے مختلف ڈیپارٹمنٹ کو ایک صحیح سمت دینگے۔

شال بقیہ 7

بھی دو ڈرائسٹوں کی نظرثانی کا کام شروع کر دیا ہے اس حوالے سے محکمہ تعلیم کا عملہ انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کے کام کو گھر گھر جا کر تصدیق کے ذریعے سرانجام دینے کیلئے صوبائی کے طول و عرض میں اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے شفاف انتخابی فہرستوں کی تیاری کو یقینی بنا رہے ہیں صوبائی حکومت اتحادیوں کی مشاورت سے حلقہ بندیوں کی تشکیل اور آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے قانون سازی اور دیگر امور کی انجام دہی کیلئے مل بیٹھ کر مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے معاملات کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے گی ۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی عوام کے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے موجودہ نئی کابینہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے۔

شال بقیہ 8

کے دروازے بند کئے جا رہے ہیں، تحریک لبیک اور تحریک طالبان سے مذاکرات ہو سکتے ہیں تو ناراض بلوچوں سے کیوں نہیں؟ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''آن لائن'' سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ بلوچستان سے طلباء کی گمشدگی کوئی نئی بات نہیں بلکہ یہ سلسلہ کئی برسوں سے جاری ہے اس سے قبل بھی یہاں کے نوجوانوں کو لاپتہ کر کے ان کی لاشیں پھینک دی جاتی تھی جس کا الزام سیکورٹی اداروں پر لگتا تھا لیکن اب صرف نام تبدیل کیا گیا ہے پہلے تو سیکورٹی فورسز شامل تھے اب سی ٹی ڈی کا نام دیا گیا ہے ،سی ٹی ڈی اپنے منہ پر یہ کالک لگا کر بھی خوش ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریک لبیک اور تحریک طالبان سے مذاکرات کئے جاتے ہیں پھر انہیں کالعدم قرار دیکر پھر مذاکرات ہوتے ہیں اور پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلا کر تحریک لبیک سے کالعدم کا لفظ ختم کر کے انہیں ملک میں سیاست کی اجازت دی جاتی ہے بدقسمتی سے بلوچستان میں 20 سالوں سے جاری شورش کے خاتمے کیلئے کوئی حکومت حرکت میں نہیں آتی ،ہم تو کہتے ہیں کہ تحریک لبیک سے مذاکرات اس لئے بھی جلدی کئے گئے کیونکہ دونوں کا تعلق پنجاب سے تھا اور دونوں طرف نقصان اپنا تھا حالانکہ ایک دفعہ میں 7 سے زائد پولیس اہلکار قتل اور نجی املاک کو نقصان پہنچایا گیا اس کے باوجود ان کا قصور معاف کر دیا گیا۔

شال بقیہ 9

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی سربراہی میں جامعہ بلوچستان کے لاپتہ طلباء سمیل بلوچ اور فصیح بلوچ کی بازیابی کیلئے دھرنا دینے والے طلباء سے مذاکرات کئے اور یقین دہانی کرائی کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو معاملے کو سنجیدگی سے دیکھ رہے ہیں جبکہ اس سلسلے میں 5 رکنی کمیٹی بھی تشکیل دیدی ہے جو تین دن میں اپنی سفارشات مرتب کر کے وزیراعلیٰ کو پیش کریگی جس کے بعد دھرنے کے شرکاء نے 4 روز سے جاری دھرنا ختم کرتے ہوئے کلاسز اور پیپرز کے بائیکاٹ کو 4 روز کیلئے موخر کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ جامعہ بلوچستان میں ٹوکن ہڑتال جاری رہے گا دھرنے کے شرکاء نے منگل کے روز تک مطالبات کی منظوری کا وقت دیتے ہوئے کہا کہ اگر منگل تک مطالبات حل نہ ہوئے تو طلباء دوبارہ کلاسز اور پیپرز سے بائیکاٹ کریگی جس کے بعد تمام تر ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔

شال بقیہ 10

کے بنانے سے شہریوں کو فائدہ پہنچے گا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 27 کنال پر محیط ہسپتال 200 بیڈز پر مشتمل ہے ،مختلف ہسپتالوں میں مریض تڑپ رہے ہوتے ہیں ، اس ہسپتال سے غریب کو فائدہ پہنچے گا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ عمران خان نے اس ہسپتال کو بنانے میں مدد کی اور ذاتی دلچسپی لی ، سروے مکمل کر رہے ہیں ، دسمبر کے اختتام پر ضلع کے ہر کنبے کو انصاف صحت سہولتکارڈ ملے گا۔

شال بقیہ 11

پرانی ہے ۔ایدھی حکام کے مطابق جمعہ کے روز صنعتی انتظامیہ نے مقامی لوگوں کی اطلاع پر کوئٹہ کے علاقے الطبرگ گلی ریگی ناصران مٹی میں دفنائے تین لاشیں برآمد کرلی ،تینوں لاشیں بوری میں بند کردی گئی تھی لاشوں کو ایدھی ایمبولینسز کے ذریعے مزید کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 12

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان عوامی پارٹی کے خواتین ارکان اسمبلی بشریٰ رند، ماہ جبین شیران اور لیلیٰ ترین کے تحفظات دور کردیے۔

شال بقیہ 13

کی شناخت صدیق اللہ ولد ولی خان قوم ورد کے سکنہ افغانستان کے نام سے ہوگئی لاش کو کان سے نکال کر ضروری کاروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ضروری کاروائی کے بعد جان بحق کان کن کی میت کو آبائی وطن افغانستان روانہ کر دیا گیا۔

شال بقیہ 14

کے علاقے گورا قبرستان کے قریب تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل اور سائیکل سوار کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 15

ہے جنسی جرائم عوام میں ہیں انہوں نے کہا جلد پی ایچ کے انتخابات کا انعقاد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ پارٹی کا ویمن ونگ انتہا اہمیت کا حامل ہے اور توقع ہے کہ ویمن ونگ کی رہنما اور کارکن پارٹی کے ویمن ونگ کو مزید فعال اور مستحکم بنانے میں کردار ادا کریں گی اس موقع پر ویمن ونگ کی رہنما نے بی اے پی کے ویمن ونگ کی فعالی کے لیے بھرپور عزم کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ خواتین ونگ کی رہنماؤں اور کارکنوں کو ساتھ لیکر چلا جائیگا۔

شال بقیہ 16

ممبران ،ممبران میں احمد نواز بلوچ ،نصر اللہ زیرے ،سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن بشیر احمد منگلوئی اور کنشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ شامل ہیں ۔کمیٹی تین روز میں اپنی سفارشات مرتب کر کے وزیراعلیٰ کو پیش کریگی۔

شال بقیہ 17

ایس ایف ،علماء ونگ ،اقلیتی ونگ کو فعال اور منظم بنایا جائے گا ذیلی تنظیموں کے عہدیدار اور کارکن ملکر پارٹی کی فعالیت میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی ذیلی تنظیم پیپلز سپورٹس ونگ ، پی ایس ایف ،علماء ونگ ،اقلیتی کے الگ الگ اجلاسوں سے خطاب اور سینئر رہنماؤں حاجی اشرف کاکڑ ، درمحمد ہزارہ ، سمیع خان بزنجو اور پی پی پی ضلع کوہلو کے جنرل سیکرٹری عبدالواسع زرکون کی سربراہی میں ملاقات کرنے والے بات چیت کرتے ہوئے کہی اجلاس میں سپورٹس ونگ کے صدر شہزادہ کاکڑ ،سیکرٹری اطلاعات عبدالباری موسیٰ خیل ،سینئر نائب صدر سید شہباز سعید ،نائب صدر حنیف کاکڑ ،ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر سجاد رودینی رابطہ سیکرٹری نعمت اللہ ،پی ایس ایف بلوچستان کے صدر اشفاق بلوچ ،سیکرٹری اطلاعات میر باہل منگلوئی ،سینئر نائب صدر شہزادہ شاہوار X ڈپٹی جنرل سیکرٹری اول افتخار منگلوئی ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری دوئم آفتاب مرانی ،ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں قیصر بلوچ ،عمران لانگو ضلع جعفر آباد کے رہنماؤں سجاد مرانی ،شفقت تونیا اور ضلع خضدار کے رہنما میر قدیر زہری ،علماء ونگ بلوچستان کے صدر مولوی جمال کاکڑ ،اقلیتی ونگ کے صدر جعفر جارج ، جنرل سیکرٹری چنتر مل ماترے ،سیکرٹری اطلاعات حنا گلزار ،سینئر نائب صدر چوہدری شان سلامت ،نائب صدر الیاس مسیح ،شہریار چوہدری ، حامد گلو ،عرفان جتکی ،صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک زیشان حسین ،میڈیا کوآرڈینیٹر حیات خان اچکزئی ،صوبائی رہنما قاسم اچکزئی نے شرکت کی ۔اجلاس میں پیپلز سپورٹس ونگ ،علماء ونگ ،اقلیتی ونگ اور پی ایس ایس کو فعال بنانے اور تمام ڈویژنوں میں ذیلی تنظیموں کی تنظیم سازی و فعالیت کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔

شال بقیہ 18

تھے۔مختلف سیشنز سے وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت و سرمایہ کاری عبدالرزاق داؤد، وفاقی سیکرٹری صنعت جواد رفیق ملک نے بھی اور لاہور چیمبر کے نائب صدر حارث قیق نے بھی خطاب کیا۔خسرو بختیار نے کہا کہ حکومت ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے جس سے ملک میں کاروبار اور روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے ایس ایم ای سیکٹر کے مالی مسائل کو حل کرنے اور آسان قرضوں کے اجراء کے لیے مائیکرو فنانس بینکوں کو بھی آن بورڈ لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ نئی پالیسی کے مطابق بینک ایس ایم ایز کو تمام عوامل مدنظر رکھتے ہوئے قرضے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ نئی ایس ایم ای پالیسی کا مقصد چھوٹے کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی اور ٹیکس میں نرمی سمیت دیگر مراعات مہیا کرنا ہے۔

شال بقیہ 19

کے سینئر وائس چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں اراکین صوبائی اسمبلی میر محل کھتی ،اصغر خان ترین ،سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر نور الحق بلوچ ،وائے ڈی اے کے نائب صدر ڈاکٹر طاہر موسیٰ خیل ، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالمالک کاکڑ اور پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن کے صدر جمال شاہ کاکڑ سمیت وائے ڈی اے کے دیگر نمائندے بھی موجود تھے۔ وفد نے وزیراعلیٰ کو جنگ ڈاکٹرز کو درپیش مسائل اور اس حوالے سے تشکیل دی گئی پارلیمانی کمیٹی سے مذاکرات پر پیش رفت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت آپ کے تمام جائز مطالبات تسلیم کرتی ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے ڈاکٹرز مسائل کا شکار ہوں انہوں نے کہا کہ ہمیں محکمہ صحت کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آپ کے مسائل کے حل کے لیے تشکیل دی گئی پارلیمانی کمیٹی آپ کے تمام مطالبات سنتے ہوئے انہیں حل کرنے کی کوشش کرے گی۔

شال بقیہ 20

ہاتھ آئین و قانون نے باندھ رکھے ہیں۔ سپریم کورٹ میں جائیداد کے تنازع سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کی۔ دوران سماعت جسٹس قاضی فائز نے کہا کہ ججز نے قانون پر عمل کرنے کا حلف اٹھا رکھا ہے، غیر قانونی چیزوں کو نظر انداز کرنے لگے تو نظام ختم ہو جائیگا۔انہوں نے کہا کہ ججز کمزور لوگ ہوتے ہیں، ان کے ہاتھ آئین و قانون نے باندھ رکھے ہیں، قانون کو روی کی نوکری میں نہیں ڈال سکتے۔معزز جج نے کہا کہ ججز قانون بناتے نہیں اس کی تشریح کرتے ہیں، وکلاء کا کام ہماری معاونت کرنا ہے۔انہوں نے کہا اپیل درخواست گزار کا حق اور نظر ثانی جج کی صوابدید پر منحصر ہے۔

شال بقیہ 21

ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت 78 ڈالر فی بیرل تک رہی تاہم 6 نومبر کو حکومت نے 85 ڈالر فی بیرل کے حساب سے قیمتوں کا تعین کیا۔ ذرائع اوگرا کے مطابق 16 نومبر سے یکم دسمبر تک قیمتوں کے تعین کے لیے اوگرا نے ورکنگ کا آغاز کر دیا ہے اور اب عالمی مارکیٹ کے مطابق آئندہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا کوئی جواز نہیں۔اوگرا ذرائع نے بتایا کہ حکومت تمام ٹیکسز کی موجودہ شرح لاگو کر کے قیمتیں برقرار رکھ سکتی ہے، لیوی ٹیکس ختم یا کم کر کے صارفین کو پیٹرول اور ڈیزل پر 9 روپے تک کا ریلیف بھی مل سکتا ہے، حکومت پیٹرول پر 9 روپے 62 پیسے اور ڈیزل پر 9 روپے 14 پیسے فی لیٹر لیوی وصول کر رہی ہے۔واضح رہے کہ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت 82.87 ڈالر فی بیرل ہوگئی جب کہ اوگرا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق سمری 14 نومبر کو وزارت خزانہ کو بھجوائے گی۔

شال بقیہ 22

مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 13 نومبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے مالک فیڈرز سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی ۔اسی طرح 14 نومبر (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے بروری روڈ، پی اے ایف، اختر کنٹینر ،نواں کلی، کینٹ اور اسٹیڈیم فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ مری آباد گرڈ کے گلستان ،کانسی ii اور کانسی iii فیڈروں سے دن 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 15 نومبر کو شیخ ماندہ گرڈ کے عمر ،نو حصار ،نیو اغرگ ،زرغون گرڈ کے عسکری iii اور کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے مالک فیڈروں سے 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک جبکہ مری آباد گرڈ کے مری آباد ،سیدآباد، کانسی i ،کانسی iii اور لیاقت بازار فیڈروں سے دن ایک بجے سے شام چار بجے تک بجلی بند رہے گی۔

شال بقیہ 23

مشورے کیساتھ فیصلہ کیا عالمی اکابرین کو بلایا ہے ،افغانستان کی صورتحال پر غور کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ عالمی برادر نے تعاون نہ کیا تو دوبارہ دہشت گردی کے واقعات بڑھ سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسلام ہمیں نیکی اور اچھائی کا حکم دیتا ہے ،مسلمان ایک جسم کی مانند ہے کسی ایک کی تکلیف سب کی تکلیف ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم نے جیتا ہے ہمیں پاک فوج پر فخر ہے۔

شال بقیہ 24

پی ڈی ایم لانگ مارچ کرے یا کوئی مارچ حکومت کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا اور حکومت اپنا کام جاری رکھنے سمیت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔ جمعہ کی دوپہر تک ہی یونیورسٹی نیو کیمپس فیصل آباد میں منعقدہ ایک تقریب میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم چوں چوں کا مربہ ہے جن کا بیانیہ ایک دن اور دوسرے دن کچھ اور ہوتا ہے اور اقتدار کی ہوس میں مبتلا یہ نولہ اقتدار کے بغیر ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہے لیکن اس کے اعلان کردہ لانگ مارچ کا حشر بھی ان کے گزشتہ مارچ اور استعفوں کے اعلانات جیسا ہوگا اور انہیں ملک میں عدم استحکام لانے کی سازش میں بری طرح ناکامی ہوگی۔

شال بقیہ 25

موجود ہیں جس پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور لاشوں کو کنوئیں سے نکال کر سول ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ڈاکٹروں نے ان لاشوں کو کئی مہینے پرانی ہونے کی بنا پر ناقابل شناخت قرار دے دیا پولیس نے لاشوں کے حوالے سے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

شال بقیہ 26

کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس اور ایف سی نے علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکٹھے کرلئے مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 27

نے شوگر انڈسٹری کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے مشیر خزانہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی کمیٹی بنا دی ہے ،حکومت چینی کے سٹریٹجک ذخائر رکھے گی ،حکومت چینی کی برآمد کی صورت میں کوئی سبسڈی نہیں دے گی ، کاشتکاروں کو جلد سے جلد ادائیگی کے لئے حکومت بینکوں کو ورکنگ کیپیٹل فراہم کرنے پر آمادہ کرے گی۔

شال بقیہ 28

ہوگی ۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین برادرانہ اور دوستانہ تعلقات ہماری خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہیں۔ ایوان بالا میں قازقستان ، پاکستان دوستی گروپ موجود ہے، جس کے ذریعے دونوں ملکوں کے مابین پارلیمانی تعلقات کو مزید مربوط بنایا جا سکتا ہے۔ پاکستان اور قازقستان کے مابین بین الاقوامی فورمز کی سطح پر بھی بہترین تعلقات ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان نے اکثر بین الاقوامی اور علاقائی امور پر یکساں موقف اختیار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پارلیمانی تعلقات کے فروغ سے معاشی اور اقتصادی شعبوں میں تعاون سے استحکام آئیگا۔ پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطہ کاری کے فروغ کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں کوشاں ہے۔

شال بقیہ 29

بیچ پر ہیں کیونکہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں ناکام ہو چکی ہے ۔انہوں نے کہا عوام سے دو وقت کی روٹی چھین لی گئی ہے ،ڈر ہے کہ فاقوں کی مری ہوئی عوام اجتماعی خودکشیوں کی طرف منہ نہ کرلیں اپوزیشن جماعتیں عوام کی آواز بن کر بہت جلد ایسی تحریک شروع کرنے جا رہی ہیں حکومت کو گھر بھیج کر دم لیں گی ۔انہوں نے کہا کہ یہ وقت آگیا ہے کہ لوگ اب قرض اتارنے اور پیٹ کی بھوک ختم کرنے کیلئے اسلام آباد جیسے شہر میں سڑکوں پر اپنی اولادیں فروخت کرنے نکل پڑی ہے ،یہ حکومت ملک و قوم کا بیڑہ ڈبو چکی معیشت تباہ ہو چکی خارجہ پالیسی ناکام نظر آرہی ہے حکومتی وزرا لوٹ مار میں مصروف ہیں نیب اور دیگر ادارے صرف اپوزیشن کو تنگ کرنے کیلئے استعمال کئے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 30

وزیر ہوا بازی بھی وفد شامل تھا ،ملاقات میں پاکستان کی وفاقی کابینہ کے ارکان اور سیاسی جماعتوں کے رہنما بھی موجود تھے۔ دوطرفہ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔افغان وزیر خارجہ نے کہا کہ افغانستان میں امن و استحکام لوٹ آیا ہے ،40 سال سے لاکھوں افغانوں کی میزبانی پر پاکستان کی حکومت اور عوام کا شکر گزار ہیں۔

شال بقیہ 31

جسٹس نے اپنے خطاب کے دوران سیف سٹی پراجیکٹ کی طرز پر شہری اور دیہی علاقوں میں انتظامات پر بھی زور دیا۔

شال بقیہ 32

پٹل ،سوہر خان ولد علی محمد جان ،مخلق جبکہ بشیر احمد ولد قادر بخش ،شبیر احمد ولد قادر بخش ،پگل ولد رئیس ٹکلوزئی ہو گئے پولیس نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 33

ملوث ہیں۔ وہ شخص بہت ہی غیر سیاسی ہوگا جو ان تینوں پارٹیوں میں فرق محسوس کرتا ہے۔ اگر آج ملک میں غربت اور بے روزگاری ہے، تو اس کی وجہ یہ تینوں سیاسی جماعتیں ہیں۔ پی ٹی آئی کے دور میں ادارے مزید برباد ہوئے۔ موجودہ حکمران ایوان، عدالت، نیب اور الیکشن کمیشن کو اپنے ہاتھ کی چھڑی بنانا چاہتے ہیں۔ جماعت اسلامی پی ڈی ایم کا حصہ نہیں اور ہم آئندہ بھی اس کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ ہماری امیدوں کا مرکز و محور پاکستان کی عوام ہیں۔ جماعت اسلامی یہ سمجھتی ہے کہ استعماری اور سامراجی طاقتوں سے نجات حاصل کیے بغیر پاکستان آگے نہیں بڑھ سکتا۔ ملک کی تقدیر کا فیصلہ عوام نے کرنا ہے۔ جماعت اسلامی تمام اہلیت کے ساتھ میدان میں موجود ہے۔

شال بقیہ 34

پاکستان میں پانی ذخیرہ کرنے کی مجموعی صلاحیت بھی 13 ملین ایکڑ فٹ سے بڑھ کر 24 ملین ایکڑ فٹ ہو جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کی نیشنل سیکورٹی ورکشاپ کے شرکا پر مشتمل وفد کو واپڈا ہاؤس کے دورے کے موقع پر بریفنگ کے دوران کیا۔ وفد کی قیادت میجر جنرل احسان محمود خان کر رہے تھے۔ وفد میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان، آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے رکن، سرکاری آفیسرز، مسلح افواج کے آفیسرز اور سول سوسائٹی کے نمائندے شامل تھے۔ واپڈا کے ممبرز اور سینئر آفیسرز بھی اس موقع پر موجود تھے۔ واپڈا کے زیر تعمیر منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے چیئرمین نے کہا کہ واٹر اور فوڈ سیکورٹی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ملک کی انرجی سیکورٹی کے لئے بھی بائیڈ روپاور جنریشن پلان کے تحت مختلف منصوبے تعمیر کئے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 35

کہ قومی اسمبلی میں حکومت کو اکثریت ثابت کرنے میں ناکامی ،حکمرانوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہے ۔حکومت کے اپنے لوگ اور اتحادی بھی تحریک انصاف کی کارکردگی سے مطمئن نظر نہیں آتے۔ پاکستان سنگین بحرانوں کی زد میں ہے جو کہ موجودہ حکمرانوں کی نااہلی اور ناتجربہ کاری کے باعث درپیش ہیں۔ جب تک تحریک انصاف کی حکومت کو گھر نہیں بھیج دیا جاتا اس وقت تک معاشی استحکام نہیں آسکتا۔ ان نالائق حکمرانوں کو عوام کے دکھ، درد کا کوئی احساس ہی نہیں۔ ملک و قوم کو درپیش حالات پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے سنگین نتائج ہوں گے۔ ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھروں کا وعدہ کرنے والوں نے ملازمین کو فارغ کرنا شروع کر دیا ہے۔ تین سال گزرنے کے باوجود وفاقی حکومت کے ماتحت پچاس سے زائد اداروں اور کمپنیوں کے سربراہان کی تقرری کا عمل مکمل نہیں کیا جا سکا۔ متعلقہ ادارے سربراہان کے بغیر کام کر رہے ہیں۔ اسلامی قوانین، تحفظ

طلباکی اسرار گمشدگی آئین قانون اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، نواب ثنا

طاقت کا استعمال فیڈریشن کو کمزور کردیتا ہے سسٹم کی تبدیلی اور فیڈریشن کی مضبوطی کیلئے آئینی طور پر قوموں کو اختیارات منتقلی لازمی ہے

بلوچستان میں قانون اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں قابل مذمت ہے، تمام سیاسی ومذہبی اور قوم پرست جماعتوں، علماء اکرام کو اس مسئلے میں اتحاد اور تعاون کے کردار ادا کرنا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف سارواں اور سابق وزیر داخلی بلوچستان نواب محمد اکبر خان بگٹی نے کہا ہے کہ طاقت کا استعمال فیڈریشن کو کمزور کردیتا ہے سسٹم کی تبدیلی اور فیڈریشن کی مضبوطی کیلئے آئینی طور پر قوموں کو اختیارات منتقلی لازمی ہے، حقوق کی پرامن گمشدگی آئین وقت اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے سیاسی ومذہبی جماعتیں، علماء اکرام سب قوم کیلئے فکر کریں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں قابل مذمت ہے، تمام سیاسی ومذہبی اور قوم پرست

بقیہ صفحہ 36 کالم 2 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی بدعت پر ڈی پی خضدار اور دو اشخاص باہم معزوری کوئٹہ ایئرپورٹ سائیکل اور وہیل چیئر دے رہے ہیں

ملک میں عوام بیروزگاری اور مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے، مولانا غلام قادر قاسمی

عمران خان نے سوائے یوٹرنز کے علاوہ عوام کے بھلائی کیلئے کوئی کام نہیں کیا

غریب ملک شاہین کے لئے متاع ہو کر رہ گئے ہیں مرکزی نائب امیر جمعیت علماء اسلام

اوغل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر مولانا غلام قادر قاسمی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے فیصلوں کے قوت پر بیروزگاری اور مہنگائی کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کے اعلان کے بعد ضلع لسبیلہ میں بھی احتجاج کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے اور اس ضلع میں لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل سے دوروں کا آغاز کرتا ہوں جس میں لوگوں کو پی ڈی ایم کے فیصلوں سے آگاہ کیا جارہا ہے ان مہنگائی کا اظہار انہوں نے اوتھل پریس کلب میں صحافیوں

بقیہ صفحہ 49 کالم 2 پر

کیس بلوں میں مختلف ناجائز نرخ واٹیکسز قابل مذمت ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

حکومتی لوٹ مار کے مترادف ہے موجودہ حکمرانوں نے ظلم کی انتہا کی کردی ہے

بھاری سودی قرضے، بدمعنوانی، مہنگائی نااہل ناکام حکومت کے کارنامے ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ کیس بلوں میں مختلف ناجائز نرخ واٹیکسز توشی مذمت مختلف لوٹ مار کے مترادف ہے موجودہ حکمرانوں نے تھکمری انتہا کی کردی ہے۔ بھاری سودی قرضے، بدمعنوانی، مہنگائی نااہل ناکام حکومت کے کارنامے ہیں۔ خودرنی اشیاء، پٹرول بجلی کے نرخوں میں 2.52 روپے فی یونٹ اضافے سے صارفین پر 30 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا حکومت نرخوں میں 52 فیصد ٹیکسز لگارہی ہے۔ تیل کے ذخیرہ اندوزوں نے جی بھر کی آخری حد پر کی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا

بقیہ صفحہ 35 کالم 3 پر

ڈائریکٹر جنرل ریجی ترقیات ایکریمی فوت اللہ بادینزئی اتھلک تربیت پانے والے نوجوانوں میں اسناد تقسیم کررہے ہیں

پاک۔افغان سرحدی علاقے قرین کاریز میں فری میڈیکل کیمپ کا قیام

کوئٹہ (پ ر) فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ ڈوب ہیلتھ کی جانب سے پاک۔افغان سرحدی علاقے قرین کاریز میں فری میڈیکل کیمپ کا قیام۔ طبی سہولیات سے محروم علاقے میں 300 سے زائد افراد کا معائنہ اور ادویات

بقیہ صفحہ 42 کالم 3 پر

پی پی ایچ آئی اسپیلمبر میں مختلف اسامیوں کیلئے امیدواروں کا ٹیسٹ لیا گیا

جس میں شفافیت کو برقرار رکھنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی

اوغل (نامہ نگار) پی پی ایچ آئی اسپیلمبر میں مختلف اسامیوں انٹیشن گارڈ، ڈیٹا ری ایم ٹی وی فائر، ریسکیو ریٹر اور ڈرائیور کے ٹیسٹ کو مرنٹ ہوا جو پاڑ سائیکیٹری اسکول اوغل میں منعقد ہوئے جس میں میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدام کو مدنظر رکھا گیا تھا۔ ٹیسٹ کا مقصد امیدواروں کو ٹیسٹ کے بعد مزید امتحان کے لئے بلایا جانا تھا۔ ٹیسٹ کا مقصد امیدواروں کو ٹیسٹ میں بیٹھنے کی اجازت دی گئی اس حوالے سے پی پی ایچ آئی کے ڈائریکٹر سپورٹ منیجر جوہر آفتاب نے اپنے

بقیہ صفحہ 41 کالم 3 پر

محکمہ مواصلات وتعمیرات نے سڑکوں کی تعمیر پر کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے، میر محمد صادق عمرانی

نیب سمیت دیگر تحقیقی ادارے کیوں خاموش ہیں، سابق صوبائی وزیر

تھرپارکر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق خان عمرانی نے محکمہ مواصلات وتعمیرات کے کرپشن پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کے افسران کی ملی بھگت سے کمزور کٹ کو ڈر کا پتھر اور دیگر مٹیریل کو دوبارہ استعمال کررہا ہے اور اس طرح پرانی محفوظ سڑک کو توڑ اجارہا ہے اور پرانے مٹیریل کو بھی زیر استعمال لا کر سڑک کی

بقیہ صفحہ 40 کالم 2 پر

نصیر آباد پولیٹیکل ایکشن کمیٹی اور سول سوسائٹیز کی جانب سے کوٹہ فیلڈ پولیس کے خلاف پلے بازی

ملک میں کوئی ادارہ نہیں ہے کہ ملک اس وقت شدید معاشی انتظامی بحران کا شکار ہے، ڈاکٹر احمد اسحاق بلوچ

موجودہ حکومت کی ناکامیاں اقتدار کی ہوس نے پاکستان کو تباہ کر دیا ہے

ڈاکٹر احمد اسحاق بلوچ کا پی ڈی ایم کے جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ ضلع واشک کا اجلاس زیر صدارت جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولوی نذیر احمد ہنجرہ کی اجلاس میں بلوچستان بار کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر احمد اسحاق بلوچ بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان بار کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر احمد اسحاق بلوچ بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان بار کے مرکزی صدر عبدالرحمن بلوچ، بلوچستان بار کے سابق صدر عبدالرحمن بلوچ، ضلع واشک کے سابق صدر ڈاکٹر احمد اسحاق بلوچ، سابق صدر میر امیر محمد مینگل، سابق صدر میر محمد مینگل، سابق صدر میر محمد مینگل، سابق صدر می